## سوال

(271) نمازیں ضائع کرنے والے جہنمی ہیں، اس کا قرآنی حوالہ درکار ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

جن لوگوں نے نماز کو ضائع کیا وہ عنقریب جہنم کے ایک خاص طبقے میں ڈالے جائیں گے۔ اس بات کا قرآنی حوالہ درکار ہے۔

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

فَخَلَفَ مِن بَعْدِهِمْ خَلْفٌ أَضَاعُوا الصَّلَاةَ وَاتَّبَعُوا الشَّهَوَاتِ فَسَوْفَ يَلْقَوْنَ غَيًّا (مریم: ۵۹)

''پھر ان کے بعد چند ناخلف ان کے جانشین ہوئے جنھوں نے نماز کو کھو دیا اور خواہشاتِ نفسانی کے پیچھے لگ گئے، سو عنقریب ''غی'' میں ڈالے جائیں گے۔''

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے کہا ہے: ''غَیّ'' جہنم میں ایک وادی کا نام ہے۔ (تفسیر قرطبی: ۱۲۵/۱۱)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 275**

محدث فتویٰ